حیسکو پریس ریلیز مورخہ :14.10.2026

حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری سے راجیش کمار ہرداسانی ممبر نیشنل پیغامِ اَمن کمیٹی گورنمنٹ آف پاکستان نے حیسکو ہیڈکوارٹر میں ملاقات کی۔ حیسکو ترجمان



حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری سے راجیش کمار ہرداسانی ممبر نیشنل پیغامِ اَمن کمیٹی گورنمنٹ آف پاکستان نے حیسکو ہیڈکوارٹر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر راجیش کمار ہرداسانی نے درخواست کی کہ دیوالی کے تہوار کے موقع پر مورخہ 8 سے 10 نومبر 2026ء تک بلاتعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جائے، تاکہ ہندو برادری اپنا مذہبی تہوار پُرامن اور خوشگوار ماحول میں منا سکے۔ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے انہیں یقین دہانی کرائی کہ دیوالی کے موقع پر بجلی کی فراہمی بہتر بنانے کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔